گویا اس لحاظ سے فارسی چوتھی زبان ہے جس میں ... زلیڈیا پارک میں لوگوں نے گفتگو ہوتے تھی اس موقع پر امریکہ کے ایک نو مسلم کے ساتھ مولانا کی گفتگو ہو جاتی ... پہلے

یہ نو مسلم نوجوان عالم اسلام کی سیر کو نکلا تو پاکستان بھی آیا۔ مولانا محترم سے گفتگو ہوئی تو امریکہ کی اجتماعی زندگی میں یہودیوں کی ریشہ دوانیوں کا ذکر چلا۔ اکثریت کا استحصال کرنے والی اقلیت اپنی راہ میں جس طرح کانٹے بوتی ہے، یہودیوں کے سلسلے میں اس کا تذکرہ بھی ہوا۔ اس مرحلے پر یہودیوں کے بارے میں مولانا محترم کا ایک جملہ یہ تھا

I Think their future in America will be Like their past in Germany.

ایک صاحب کا سوال تھا:

"مولانا! میرے ایک عزیز اپنے خاندان کے امریکہ میں مقیم ہیں، انہوں نے لکھا ہے کہ عیسائی اور یہودی عورتیں یہاں اپنے اداروں کی طرف سے مسلمانوں کے گھروں میں آتی ہیں اور اسلام پر اعتراضات کرتے ہوئے عیسائیت اور یہودیت کی خوبیاں بیان کرتی ہیں ——— میرے عزیز لکھتے ہیں کہ ہماری خواتین پڑھی لکھی ہیں لیکن عیسائی اور یہودی مشنری کی طرف سے آنے والی ان عورتوں کے نکات کا جواب دینے کے لئے انہیں دلائل اور معلومات کی ضرورت ہے۔ اس ضمن میں آپ سے رہنمائی کی درخواست ہے۔"

مولانا نے فرمایا:

"چند کتابیں ایسی ہیں جو وہاں بآسانی مل سکتی ہیں۔ ان کے نام آپ لکھ کر انہیں بھیج دیں۔ ایک کتاب ماڈرن انگلش ٹرانسلیشن آف بائبل وِد اپوکریفا With Apocrypha ہے۔ دوسری کتاب جیوش بائبل ہے۔ اسی طرح انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا میں بھی عیسائیت کے بارے میں ابواب سے کافی معلومات مل سکتی ہیں۔"

انہی صاحب نے کہا:

"مولانا! چونکہ میرے عزیز کے پاس تفہیم القرآن کا مکمل سیٹ بھی ہے اس لئے میں نے انہیں لکھا ہے کہ وہ اس سلسلے میں پہلی جلد کا مطالعہ کریں۔"

مولانا نے فرمایا:

"اس مقصد کے لئے پہلی جلد کے مقابلے میں دوسری اور تیسری جلد کا مطالعہ زیادہ مفید رہے گا۔"

امریکہ کی طرح انگلستان میں مقیم مسلمانوں کے دینی مسائل بھی موضوعِ گفتگو رہے۔

انگلستان سے آنے والے ایک صاحب جنہیں وہ تین روز بعد واپس لندن جانا تھا کہہ رہے تھے "انگلستان کے مختلف شہروں میں مسلمان کافی تعداد میں آباد ہیں، لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ ان کے بچوں کی دینی تعلیم کا کوئی بندوبست نہیں ہے۔ موجودہ نسل تو اپنے بزرگوں سے مسلمان ہونے کا شعور لے کر چل رہی ہے لیکن آئندہ نسل جدید ماحول کے ماحول میں آنکھ کھول رہی ہے اور پروان چڑھ رہی ہے۔ خدا جانے کس رنگ میں رنگی جائے گی۔"

مولانا نے فرمایا:

"یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے جس کی طرف میں انگلستان میں مقیم مسلمانوں کو بار بار توجہ دلا چکا ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہاں کے مسلمان اپنے دنیا کی طرف ہی متوجہ رہے اور ان کی اولاد دین سے ناواقف ہو جائے گی تو دنیا ان کے کچھ کام نہ آئے گی ——— انگلستان میں مسلمان بڑی تعداد میں آباد ہیں، مالی لحاظ سے بھی وہ اس قابل ہیں کہ مل جل کر اپنے بچوں کے لئے سکول قائم کریں۔ وہاں اس سلسلے میں کوئی پابندی بھی نہیں ہے۔ وہ اپنی مدد آپ کے منظور ... کرا سکتے ہیں۔ اس صورت میں کوئی وجہ نہیں ہے کہ وہ ایسے سکول قائم نہ کریں جن میں بچوں کو تعلیم دینے کے ساتھ ساتھ انہیں مسلمان رکھنے کا بھی پورا اہتمام ہو ——— اگر آپ اپنے دین پر خود بھی عمل پیرا ہوں اور اپنے بچوں کی تربیت بھی اس کے مطابق کرنا چاہیں تو کوئی چیز اس میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔"

شعورِ بصیرت

میاں جاوید رشید

منافق

جناب رسالتمآب کا ارشاد گرامی ہے کہ منافق وہ ہے جو—

۱۔ کسی کی نصیحت سے متنبہ نہ ہو۔
۲۔ دوسروں کو منع کرے اور خود باز نہ رہے۔
۳۔ وہ کام کہے جو خود نہ کرے۔
۴۔ نماز کے لیے کھڑا ہو تو کاہلی کے ساتھ۔
۵۔ بیٹھے تو جانوروں کی طرح۔
۶۔ شام اس حال میں کرے کہ اس کا تمام تر ارادہ کھانے کا ہو، حالانکہ اس نے دن کو روزہ نہیں رکھا۔
۷۔ صبح کرے تو اس کا تمام تر ارادہ دن کو سونے کا ہے، حالانکہ وہ شب بیدار نہیں۔
۸۔ بات کہے تو جھوٹ بولے۔
۹۔ وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے۔
۱۰۔ امانت اس کے حوالہ کرو، تو اس میں خیانت کرے۔
۱۱۔ تم سے مصاحبہ کرے تو تمہاری غیبت کرے۔ (طبری)

فرمایا کہ نفاق کی علامت—
۱۔ آنسوؤں کا خشک ہو جانا۔
۲۔ دل کا سخت ہو جانا۔
۳۔ گناہ پر اصرار کرنا۔
۴۔ اور دنیا پر حریص ہونا ہے۔ (طبری)

فرمایا: بہت ہی برا بندہ ہے جو دو رخا ہو۔ جو منہ پر اپنے بھائی کی بے حد تعریف کرے اور پیچھے اس کا گوشت کھائے (غیبت کرے)، اگر کسی کو دیا جائے تو حسد کرے، اگر کوئی مصیبت میں مبتلا ہو، تو اس کی مدد نہ کرے۔ (طبری)

فرمایا: بدترین لوگ وہ ہیں—
جو شر کی باتیں ادھر سے ادھر لے جاتے ہیں۔
جو احباب میں تفرقہ ڈالتے ہیں۔
جو اپنی برائت کے لیے معصوموں میں عیب تلاش کرتے ہیں۔ (طبری)

فرمایا: اللہ تعالیٰ نے احسان جتلانے والے اور چغلخور اور دائم شرابی پر جنت کو حرام کر دیا ہے۔
فرمایا: شقی وہ ہے جس سے دوسرے عبرت حاصل کریں۔
سب سے بڑا احمق بیکار ہے۔
سب سے بری روایت کذب ہے۔
سب سے برے کام دین میں نئی ایجادیں ہیں۔
سب سے بڑی نابینائی قلب کی نابینائی ہے۔ (طبری)

اسی ضمن میں مولانا نے محترم نے انگلستان میں دو سے زیادہ قیام کا ایک واقعہ سناتے ہوئے کہا:

"انگلستان میں ہمارے ایک رفیق کی بچیاں بڑی ہو رہی تھیں۔ میں نے ایک مرتبہ ان میں سے ایک لڑکی سے پوچھا کہ بیٹی! تمہیں اس ماحول میں کوئی الجھن تو پیش نہیں آتی؟ اس نے جواب دیا کہ نہ صرف یہ کہ کوئی الجھن پیش نہیں آتی بلکہ ہمیں یہاں کے معاشرے میں پردے کی اس پابندی کی بدولت بڑا احترام حاصل ہے۔ بسوں میں دوسری خواتین جگہ دے یا نہ دے ہمیں دیکھ کر فوراً سیٹ خالی کر دی جاتی ہے۔ اسی طرح کسی دکان یا اسٹور سے کوئی چیز خریدتے وقت ہمیں کوئی دقت پیش نہیں آتی ہر جگہ احترام اور عزت کا برتاؤ ہوتا ہے۔"

گفتگو کا آغاز اس سوال سے ہوا کہ امریکہ میں سیاہ فام آبادی کب اور کس طرح پہنچی؟ مولانا فرما رہے تھے کہ ... سولہویں صدی

سحر طراز خطیب، صاحب طرز ادیب، نامور نقاد و مورخ
بلند پایہ مفسر و فقیہ، اولوالعزم بے لوث سیاسی قائد
سیّد ابوالاعلیٰ مودودی

مولانا عبدالرشید ارشد

[illegible]

اسلام کے نامور مفکر مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کو بیسویں صدی کی ایک جامع الکمالات شخصیت کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ وہ بیک وقت سحر طراز خطیب بھی ہیں اور صاحب طرز ادیب بھی، بلند پایہ مفسر بھی ہیں اور فقیہ بھی، نامور نقاد اور مورخ بھی۔ [illegible] تفہیم القرآن کے مؤلف بھی۔ وہ میدان سیاست کے شاہسوار بھی ہیں اور فاتح تختہ دار بھی۔ اس علم و دانش، فکر و نظر اور کردار و اطوار کے لوگ صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں اور آپ جیسا کہ

بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اس تمام تر علم و فضل اور عظمت و شہرت کے باوجود مولانا مودودی غرور، نخوت، خود پسندی اور خود بینی جیسے رذائل سے کلیتاً بیگانہ اور ناآشنا ہیں۔ اس کے برعکس عجز و انکسار، شفقت و رأفت اور مروت و ملاطفت جیسی صفات تو گویا ان کی عادت ثانیہ بن چکی ہیں۔

مولانا مودودی کی زندگی مسلسل جہد مسلسل اور عزیمت و استقامت کا ایک تابناک مرقع ہیں۔ وہ ایک ایسا مینارۂ نور ہیں جس کی ضیاپاشیوں سے آج پورا عالم اسلام جگمگا رہا ہے۔ سید صاحب کی دینی قیادت اور فکری سیادت پر عالم اسلام میں مکمل اعتماد پایا جاتا ہے اور بلاشک و ریب انہیں میر کارواں تسلیم کیا جاتا ہے۔ قضا و قدر نے انہیں تمام اوصاف سے متصف کر دیا ہے جو ایک دینی مفکر، سیاسی قائد اور اسلامی راہنما میں ہونی چاہئیں۔

نگہ بلند، سخن دلنواز، جاں پرسوز
یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لئے

سید مودودی اپنے عزائم میں پختہ، اپنی مقاصد میں پرخلوص، بصیرت میں یکتا اور انتہائی صائب الرائے شخصیت کے مالک ہیں۔ وہ بظاہر ایک عام سے جسم و جان کے پیکر خاکی ہیں، مگر تنے اولوالعزم، باہمت اور جری ہیں کہ کوئی ترغیب و ترہیب اور دو صوبوں و عدل الٰہی کے لئے ثبات و استقامت میں لغزش پیدا نہیں کرسکتی۔ وہ عصر حاضر کے کلیم نے فرزانہ بھی اور حکیم نکتہ نواز بھی۔ وہ دانائے راز بھی ہیں اور نابغۂ روزگار بھی۔

مولانا مودودی اس دانائے راز کے حقیقی مصداق ہیں جس کی تمنا حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے زندگی کے آخری لمحات میں کی تھی۔ بقول شاعر

[illegible]

چشم حق بین اور ضمیر جدید = [illegible] سید ابوالاعلیٰ مودودی

مولانا محترم نے جب فرصت ہو تو بطور نہایت مؤثر حقیقت اور مدلل لٹریچر فراہم کیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ آپ نے عصر حاضر کے تمام فتنوں کی ایسی سرکوبی کی کہ علمی دنیا میں ان کو کھوکھلے بے وقعت و بے اثر بنا کر دکھ دیا۔ قادیانیت، انکار حدیث، اباحیت اور اشتراکیت جیسے فتنوں کے مقابلے میں دین اسلام کی روشن تعلیمات کو ایسے دلکش اور پرشکوہ انداز میں پیش کیا کہ آج ملک کے بیشتر تعلیم یافتہ نہ صرف ان فتنوں کی فتنہ انگیزی سے آگاہ ہیں بلکہ ان کے مقابلے کے لئے اسلام کے دلائل سے اسطرح لیس ہیں کہ باطل کی تمام قوتیں ان کے آگے سرنگوں و بے جان ہیں۔

[illegible]

مولانا مودودی نے اس دور میں جب اسلامی نظام کا احیاء اور اقامت کے لئے علم جہاد بلند کیا۔ جب مغربیت کی افسوں کاری نے بڑے بڑے مسلمان علم و تقویٰ کی آنکھوں کو خیرہ اور فکر و نظر کو متاثر اور مغلوب کر دیا تھا اور مرعوبیت کا یہ عالم تھا کہ بہت سے صاحب علم اور اہل دانش قرآن و سنت کی تعبیر کچھ اس انداز سے کرنے لگے تھے گویا قرآن پاک کی آیات اور معروف قوانین کے ارشادات ان نظریات اور تصورات کی تائید و تصدیق کے لئے ہیں جن کو مغرب کے مفکرین اور مصنفین پیش کر رہے تھے۔ اس نے مغربی نظریات کو مسلم حقائق تسلیم کر لیا جاتا تھا اور اسلام میں مطابقت ثابت کرنے کے لئے قرآنی آیات اور احادیث نبوی کی ایسی بعید از قیاس اور دور از کار تاویلات کی جاتی تھیں کہ جنہیں دیکھ کر بجا طور پر کہا جاسکتا تھا کہ

خود بدلتے نہیں قرآن کو بدل دیتے ہیں
ہوئے کس درجہ فقیہان حرم بے توفیق

اس صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے اسلام کے ایک مشہور ترجمان اور مصنف مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رقمطراز ہیں کہ وہ اسلام اور مغربیت کی کشمکش میں پاکستان میں جماعت اسلامی کے عنوان سے رقمطراز ہیں کہ

"مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی میں شخصیت کی صفات جمع تھیں جو ان کو ذہنی قیادت کے منصب پر پہنچا سکتی تھیں، ان کو

قدرت کی طرف سے ایک صحیح اور سلامت ذہن، زور قلم اور ایک طاقتور اسلوب ملا تھا۔ وہ مغرب کے جدید مکاتب فکر اور فلسفوں سے واقف تھے۔ دوسری طرف ان کو اسلام کی تعلیمات اور اس کی زندگی کی صلاحیت پر عقیدہ تھا، مغربی تہذیب و افکار کی تنقید اور اسلامی تعلیمات کی تشریح و ترجمانی میں ان کی تحریر اعتماد اور طاقت سے پر ہوتی تھیں۔ خاص طور سے حضرت امیر احمد خان اور ان کے ہمنواؤں کے بعد جو اس دور کے بہت سے مسلمان اہل قلم اور مصنفین کا خاصہ بن گیا تھا انہوں نے اپنے ابتدائی دور میں اسلامی مسائل، مشکلات و سیاسی مباحث پر جو مضامین و رسائل لکھے انہوں نے ہندوستان کے اسلام پسند حلقوں میں بڑی مقبولیت حاصل کی اور ان سب لوگوں کو ان کی ذات کی طرف متوجہ کر دیا جو اسلام کے اقتدار اور غلبے کے خواہش مند اور موجودہ صورت حال سے بے چین تھے"۔

مولانا مودودی کا یہ عظیم الشان اور ناقابل فراموش کارنامہ ہے کہ انہوں نے اپنے شگفتہ، دل نشین انداز تحریر اور متکلمانہ اسلوب نگارش سے اسلام کے روئے تاباں پر پھیلی ہوئی گرد کو صاف کر کے اس کی ضیاپاشیوں اور نور افشانیوں کو پھر سے اجاگر کیا۔ اور مسلمانوں کے ذہن میں تمام ادیان و مذاہب اور نظام ہائے زندگی پر اسلام کی عظمت، فوقیت اور افادیت کا سکہ بٹھا دیا۔ بالخصوص جدید تعلیم یافتہ طبقے کے دل میں اسلام کو ایک ابدی دین اور مکمل نظام زندگی کی حیثیت سے باور کرانے اور ان کو اس نظام زندگی کا گرویدہ اور فریفتہ بنانے کا عظیم الرتبت اور رفیع الشان کارنامہ مولانا مودودی نے انجام دیا ہے، جس نے ایک طرف تو انہیں ہم عصروں سے ممتاز اور محترم کر دیا اور دوسری طرف جدید تعلیم یافتہ اسلام پسند حلقوں میں مولانا مودودی دل کا سرور اور آنکھوں کا نور بن گئے۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ

یہی وہ "زندہ جاوید"، تاریخ ساز اور عہد آفریں سعادت ہے جس نے بعض ہم عصروں کو تعصب میں مبتلا کر دیا۔ اس آتش حسد کو بجھانے کے لئے یہ حضرات سالہا سال سے جد و جہد کرتے آرہے ہیں، انہیں تنگ نظری اور عریاں گالیاں دی جاتی ہیں، اور ان کی عزت، شرافت اور امانت کو سربازار رسوا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور ان کی تصانیف سے قطع و برید کر کے اور عبارات کو سیاق و سباق سے الگ کر کے جھوٹے اور بے بنیاد الزام لگائے جاتے ہیں۔ اس طرح ان کی علمی و فکری قامت کو کوتاہ کر کے دکھانے کی سعی لاحاصل کی جاتی ہے۔ اہل علم کے ہاں صدیوں سے یہ فقرہ مشہور ہے کہ "المعاصرۃ اصل المنافرۃ" ہم عصری باہمی چشمک، رنجش اور منافرت کا باعث ہوتی ہے اور اختلاف کی بنیاد پر پیدا ہونے والی جرح و تنقید کوئی انوکھی بات نہیں ہوتی، مگر ہمارے ہاں عوام کی کم علمی اور دینی تعلیم سے بیگانگی اور خوش عقیدگی سے بھرپور فائدہ اٹھایا گیا اور بعض معاصرین نے سید مودودی کے خلاف ایسی سوقیانہ، عامیانہ اور گھٹیا زبان استعمال کی جو کسی صاحب علم تو کیا کسی شریف انسان کو بھی زیب نہیں دیتی۔ مگر یہ بھی مولانا مودودی کے بے پناہ تحمل، بردباری اور عدیم المثال صبر و استقامت ہے کہ ان تمام اوچھے ہتھیاروں اور فرسودہ حربوں کو ہمیشہ کے لئے کند اور ناکارہ کر دیا اور ایسے کوہ گراں اور شان اولوالعزمی کے مالک ہیں کہ یہ دشنام طرازیاں اور یاوہ گوئیاں ان سے ٹکرا کر اور صدائے بازگشت بن کر "تیر برتقدیر در رسید" کے مصداق اصل مالکوں کے پاس ہی لوٹ جاتی ہیں۔ غرض کہ مولانا محترم کا مزاج ایسا ہے کہ

"در جوئے ما نہ آید شمع جا نارشادیا"

مولانا مودودی نے اپنی تمام تر توانائیوں اور صلاحیتوں کو اسلامی نظام کی تشریح و تفسیر اور اس کے قیام کی جد و جہد اور اسلام دشمن عصری قوتوں کے خلاف معرکہ آرائی میں صرف کر دیا اور تقریباً نصف صدی تک زندگی کے شب و روز اسی مقدس مشن کی تکمیل کے لئے صرف کئے اور اسلامی لٹریچر میں بیش بہا، انمول اور انقلاب آفریں ذخیرے کا اضافہ کر دیا۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر مولانا مودودی نے اپنی زندگی میں صرف تفہیم القرآن ہی لکھی ہوتی تو وہ بجائے خود ایک ایسا لافانی شاہکار ہوتی جو دنیا میں ان کی عظمت و شہرت اور آخرت میں وسیلۂ نجات بننے کے لئے کافی تھی۔ مگر مولانا مودودی نے ملت اسلامیہ کے لئے علم و دانش کے وہ بیش بہا گلدستے، رشد و ہدایت کے نقوش اور دین کی فہم و فراست کے ایسے نمونے مہیا کر دیئے ہیں جن سے فرزندان اسلام صدیوں تک مستفید ہوتے رہیں گے۔ مولانا مودودی تاریخ دعوت و عزیمت کے سلسلۃ الذہب کی ایک مضبوط اور حسین کڑی ہیں۔ جنہوں نے کٹھن مراحل اور مشکل حالات میں بھی شکستہ خاطر، بددل، مایوس اور مضمحل نہیں ہوئے، بلکہ بڑی خوصلہ مندی، اولوالعزمی اور استقامت کے ساتھ ان کا سامنا کرتے رہے۔ ایک قابل تقلید مصلح اور داعی حق کا کردار پیش کرتے



افزا اور ایمان پرور باتیں انکھیں پھر سے تازہ دم اور اولوالعزم بنادیتی ہیں اور کارکن نئی امنگوں اور پختہ ولولوں کے ساتھ میدان کارزار میں حق کی ترویج و اقامت کی سعی میں لگ جاتے ہیں۔ گویا

وہ سامنے کیا آئے کہ طرفہ بہار آئی
آنکھوں نے مری گویا فردوس نظر دیکھا

بلکہ کیفیت کچھ یوں ہو جاتی ہے

اذا نحن اس لحنا وانت امامنا
کفی بالمطایا طیب ذکراک حادیا
وان نحن اضللنا الطریق ولم نجد
دلیلا کفانا نور وجھک ھادیا

مولانا مودودی فقہی اور فروعی مسائل میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے مسلک اعتدال کے صحیح پیرو اور بہترین ترجمان ہیں۔ انھوں نے فقہی مسائل میں جمود و تعطل اور فروعی مسائل میں تعصب و تنگ نظری کی روش سے ہٹ کر باہمی رواداری، میانہ روی، چشم پوشی، وسعت قلب و نظر اور فہم و تفہیم سے کام لینے کا راستہ اختیار کیا اور ان مسائل میں اختلافات کو صرف دلائل کی حد تک محدود رکھتے ہوئے راجح اور مرجوح سے آگے نہیں بڑھنے دیا۔ مولانا ان مسائل میں ایسی شدت اختیار کرنے کو قطعاً روا نہیں رکھتے جس سے امت مسلمہ کی وحدت، یکجہتی اور اس کا ملی مفاد متاثر ہو اور امت واحدہ ان فروعی اختلافات کی بنا پر ایسے فرقوں اور گروہوں میں بٹ جائے اور آخر کار الگ الگ ملتوں اور امتوں کی شکل اختیار کر جائے۔

مولانا مودودی نے یہ مسلک اس سرزمین میں اختیار کیا جہاں انگریزی سامراج نے اپنے اقتدار کے تحفظ اور اپنے تسلط کو باقی رکھنے کے لئے ملت اسلامیہ میں منظم طور پر گروہ بندی پیدا کر دی تھی، اور ایک اسکیم کے تحت انہیں آپس میں اس طرح الجھا دیا تھا کہ فروعی مسائل پر اختلاف کفر و اسلام کے مابین "کر" کی صورت اختیار کر چکا تھا۔ ان حالات میں فرقہ بندی اور گروہ سازی کے خلاف آواز اٹھانا ہر طرح کے فرقہ پرستوں کی مخالفت کا ہدف بننے کے مترادف تھا۔ مگر مولانا مودودی صاحب نے اس چو طرفی مخالفت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اور اسے خاطر میں نہ لاتے ہوئے اس تجدیدی کام کو مسلسل جاری رکھا۔ یہاں تک کہ برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کے باہمی اتحاد کا نعرہ سب سے زیادہ طاقت ور، مقبول، بلکہ قومی نعرہ بن گیا۔ اگرچہ آج بھی فرقہ واریت کا چرچا کسی حد تک ہے اور بعض خود غرض، مفاد پرست، ذہنی تنگ [illegible] سیاست [illegible] کی سعی نامبارک کر رہے ہیں۔ مگر ملک کے تمام اہل علم بھی خوش ہو کر اس صورت حال سے کبیدہ خاطر ہیں۔

تاہم بعض فرقہ پرست گروہ اور جماعتیں اب بھی قوم میں باہمی آویزش، اعصابی تناؤ، فکری انتشار اور ذہنی الجھاؤ پیدا کرنے میں کسی حد تک کامیاب ہو جاتی ہیں جس سے اسلامی نظام کی منزل کھوٹی ہو رہی ہے۔ فرقہ واریت کی یہ مفاد پرستانہ سیاست، نظام مصطفےٰ کی صاف راہ میں اور کٹھن راہ کو دور کرنا نے، اس کو نئے بکھیرنے اور سد راہ کھڑی کرنے کے مترادف ہے جس

کے باعث اسلامی نظام کے سدراہ اور ان کا فاصلہ کی نوعیت شدید طور پر متاثر ہوتی ہے اور بعض کا سفر بعید ایک طویل ہو جاتا ہے۔ مولانا محترم نے کی فکر سے براہ راست استفادہ کرنے والے تعلیم یافتہ لوگ ایسی فرقہ واریت کو ملک و ملت کے لئے نقصان دہ اور اسلام کی روح کے منافی قرار دیتے ہیں [illegible] اور اسلامی روایات اور اعلیٰ نفرت کرنے میں قطعی تامل نہیں کرتے۔ چونکہ ہمارے ہاں کا تعلیمی تناسب بہت کم ہے اس لئے سادہ لوح عوام اپنی آبائی رسومات اور علاقائی روایات کے زیادہ پابند اور خوگر ہوتے ہیں اور رفتہ رفتہ یہی رسومات ان کے دین کا اہم ترین جزو بلکہ اصل دین بن جاتی ہیں۔ کچھ بندگان سیم و زر ان ہی رسومات کو شرعی جواز مہیا کر کے مستند بنا دیتے ہیں۔ مگر ایک مصلح اور داعی حق کی حیثیت اس سے مختلف ہوتی ہے۔ وہ اس کی پرواہ کئے بغیر حق و صداقت کے اظہار سے کہ کون راضی ہوتا ہے کون ناراض، کلمۂ حق کی تائید کرتے ہیں اور کتنے ہی تردید ہمیشہ کہتا ہے وہی بات کہتا ہے جسے حق۔

سید ابوالاعلیٰ مودودی ان ہی مصلحین میں سے ہیں جو حق گوئی اور بے لوثی میں مکمل امتیاز رکھتے ہیں۔ داد تحسین یا تردید و مذمت سے بے نیاز ہو کر صرف دینی بات کہتے اور لکھتے ہیں جو اسلام کی تعلیمات کے مطابق ہو۔ بلاشبہ عصر حاضر میں مولانا مودودی وہ مضبوط، توانا، روشن اور تابناک فکر ہے جو اسلام کی تعلیمات کی مکمل عکاسی ہے اور اسلام دشمنوں کا موثر سدباب کرنے کی صلاحیت سے بہرہ ور ہے، جس سے مذہبی فرقہ واریت کا مکمل علاج ہے، سیاسی تنازعات کا صحیح حل اور علاقائی تعصبات کا مکمل خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔

زاں فراوانی کہ اندر جان اوست
ہر تہی ساپر نمودن شان اوست
[illegible]
[illegible]

(سلف یہاں جانانہ مراد مولانا مودودی کا لٹریچر ہے)۔

نمائندگان کریسنٹ کے ہمراہ ۱۲ رمضان المبارک (۲۹ اگست ۱۹۷۹ء) کو ٹورنٹو سے پاکستانیوں کے ایک گروپ نے حضرت مولانا ابوالاعلیٰ مودودی سے ملاقات کی جس کا انٹرویو بھی لیا گیا جو ان کی زندگی کا غالباً آخری انٹرویو تھا۔ یہ تصویر ان کے صاحبزادے جناب احمد فاروق مودودی نے گھر (اچھرہ) یا نیو یارک اتاری گئی

حضرت مولانا ۲۹ اگست کی ملاقات میں اپنی شگفتہ دلی سے حاضرین کو محظوظ کر رہے ہیں۔ تصویر میں ظفر بنگش، لطیف الیاس اور عتیق الرحمٰن دیکھے جاسکتے ہیں





ایلس انٹرنیشنل

سارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

آئس کریم پلانٹ، کون آئس کریم مشین، فریج، ٹی وی، ائیر کنڈیشنر اور دوسرے سامان بجلی کی یورپ سے براہ راست پاکستان بکنگ کے علاوہ ہمارے پاس یہاں پر بھی ۲۲۰ وولٹ کے ریڈیو، ریکارڈر اور شیور وغیرہ موجود ہیں۔ اس کے علاوہ فورڈ ٹریکٹر، ٹرک، کار اور پاکستانی ایمبیسی سے آمدنی کے سرٹیفیکیٹ سے متعلق معلومات کیلئے آج ہی فون کیجئے یا خط لکھئے



AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2J8
Tel: [416] 791-8496

بھارت میں مسلمانوں کا قتل عام پورے عالم اسلام کے لیے باعث تشویش ہے: سلام عظام

بھارتی حکومت مسلمانوں کے جان و مال کی حفاظت میں ناکام ہو چکی ہے

اسلامی ممالک کے سربراہ فوری مداخلت کریں: مسلم اقلیتوں کے عالمی کمیشن کے چیئرمین کی اپیل

لندن۔ ــــ یورپ اور مسلم اقلیتوں کے عالمی کمیشن کے چیئرمین مسٹر سلام عظام نے اپنے ایک بیان میں جمشید پور (بھارت) میں مسلمانوں کے خلاف مسلسل غنڈہ گردی، تشدد اور قتل پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں مسلمانوں کا ... عالم اسلام کے لیے باعث تشویش ہے ... بھارتی حکومت مسلمانوں کی جانوں اور املاک کی حفاظت میں ناکام ہو چکی ہے ... اپیل کی کہ وہ مسلمانوں کی جان و مال کی حفاظت اور ان کے قاتلوں کو عبرت ناک سزا دینے کے لیے فوری طور پر اقدامات کریں ... اور بھارتی مسلمانوں کے جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوں۔

کراچی ــــ ... تحریک استقلال کے سیکرٹری جنرل ... لندن میں ایک ماہ کے قیام کے بعد آج واپس کراچی پہنچ گئے

لاہور ایئرپورٹ پر فاتح ہاکی ٹیم کے استقبال کے لیے بہت سے لوگ جمع تھے

ہماری کامیابی ہم وطنوں کی دعاؤں اور کھلاڑیوں کے مربوط کھیل کا نتیجہ ہے

جونیئر ورلڈ کپ ٹورنامنٹ جیتنے والی پاکستان کی ہاکی ٹیم لاہور پہنچ گئی

لاہور ــــ ... جونیئر ورلڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ جیتنے والی پاکستانی جونیئر ہاکی ٹیم کا آج لاہور ایئرپورٹ پر استقبال کیا گیا اور ملک کے مختلف اداروں سے متعلق شخصیتوں نے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر فضا نعرہ تکبیر سے گونج اٹھی۔ ٹیم کے کپتان منظور جونیئر کپ اٹھائے ہوئے ...

نوائے وقت کو بتایا کہ پیرس میں موجود پاکستانیوں نے میدان سے باہر پاکستانی پرچم لہرا لہرا کر اور والہانہ انداز میں پرجوش نعرے لگا کر ... پاکستانی ٹیم کی ہمت بڑھائی ...

فاتح پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم کے کپتان منظور جونیئر ٹرافی کے ساتھ

صدر ڈاکٹر غلام رسول، پنجاب سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر چودھری بشیر احمد اور لاہور ڈویژن ہاکی ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالخالق نے کھلاڑیوں کا خیر مقدم کیا ...

امریکہ میں تین برس میں تیس لاکھ افراد نے اسلام قبول کیا

آئندہ تین برسوں میں امریکہ ایک اسلامی ریاست بن جائے گا

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کا ایک نئی منصوبہ

لاہور میں فیصل ٹاؤن کے لیے زمین حاصل کر لی گئی ہے: اعظم علی کی اخبار کے نمائندہ سے بات چیت

کراچی ــــ ... ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن ...

جھارا پہلوان

اجیت سنگھ سے مقابلہ کریگا

جھارا کا پروموٹر کینیڈا روانہ ہو گیا

انوکی سے بھی ایک بار پھر مقابلہ ہوگا

لاہور ــــ اپنے سٹاف رپورٹر سے: پاکستانی پہلوان زبیر عرف جھارا کینیڈا میں مقیم بھارتی پہلوان اجیت سنگھ سے مقابلہ کریں گے۔ اس سلسلے میں بات چیت کرنے کے لئے جھارا پہلوان کے پروموٹر ... آج کینیڈا ...

قائد اعظم کا انتقال طبعی موت سے نہیں ہوا

انکشاف: جنرل شریف الدین پیرزادہ کا انکشاف

راولپنڈی ــــ ... اٹارنی جنرل آف پاکستان اور وفاقی وزیر قانون مسٹر شریف الدین پیرزادہ نے کہا ہے کہ قائد اعظم اپنی طبعی موت نہیں مرے ...

مولانا غلام مرشد انتقال کر گئے

لاہور ــــ ... ملک کے ممتاز عالم دین، تحریک پاکستان کے ... شاہی مسجد لاہور کے سابق خطیب مولانا غلام مرشد کل یہاں انتقال کر گئے ...

میرے ابو

قومی لباس پہنیے

راولپنڈی ــــ ...

A&S

MOTORS

- COMPLETE MECHANICAL REPAIRS
- SAFETY CERTIFICATES
  [SAME DAY]
- COURTESY CARS
  [BY APPOINTMENT]

QUALITY USED CARS

COMPLETE BODY WORK
INSURANCE CLAIMS ASSISTANCE
OVEN-BAKED FINISHES

751-6699

122 MANSVILLE RD. SCARBORO

بڑی جماعتوں نے رجسٹریشن نہ کرایا تب بھی عام انتخابات مقررہ وقت پر ہونگے وزیر اطلاعات

متناسب نمائندگی سے بڑی جماعتوں کو تقویت حاصل ہوگی چھوٹی جماعتیں معدوم ہو جائیں گی یہ خیال غلط ہے کہ سیاسی جماعتوں کا قانون انتخابات کے التوا کے لئے نافذ کیا گیا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب

جمہوریت کی باتیں کرنیوالے پہلے اپنی پارٹی میں جمہوریت قائم کریں جنرل شاہد حامد

انتخابات میں حصہ لینے والی جماعتوں کے کوائف کو خفیہ نہیں رکھا جائے گا [illegible]

اسلام آباد —— (پی پی آئی) [illegible]

[illegible]

اسلام ضبطِ تولید پر پابندی عائد نہیں کرتا

آیت اللہ خمینی

تہران —— (ا ے پ پ) [illegible]

[illegible]

مولانا مودودی نے علیحدہ مسلم مملکت کا منصوبہ ۱۹۳۹ء میں تیار کر لیا تھا

الطاف حسین چاہتے تھے کہ میں اپنی کتاب سے یہ حصہ نکال دوں لیکن میں نے انکار کر دیا۔ شریف الدین پیرزادہ

ہفت روزہ ملت میں اپنے انٹرویو کے غلط انداز کا میں ذمہ دار نہیں مگر افسوس ضرور ہے

اسلام آباد —— (پی پی آئی) [illegible]

[illegible]

عجیب اتفاق!

کراچی —— [illegible]

[illegible]

ایک سال قبل کی ایک یادگار تصویر جس میں افغانستان کے نئے صدر حفیظ اللہ امین، جنرل ضیاء الحق کا کابل پہنچنے پر خیر مقدم کر رہے ہیں۔

قائد اعظم کا لہرایا ہوا پرچم لاہور کے عجائب گھر میں محفوظ کر لیا گیا

لاہور —— (اے پ پ) پاکستان کا قومی پرچم جسے بابائے قوم قائد اعظم محمد علی جناح نے گورنر جنرل کا عہدہ سنبھالنے کے [illegible]

[illegible]

اقتدار سنبھالنے پر حفیظ اللہ امین کو روسی رہنماؤں کا پیغام مبارکباد

روس نے نئی افغان حکومت کو تسلیم کر لیا حفیظ اللہ امین روس کے وفادار ہیں۔ روسی ٹیلیویژن

افغانستان میں حکومت کی تبدیلی کو روس کی تائید حاصل تھی۔ امریکی دفتر خارجہ

ماسکو —— [illegible]

[illegible]



[illegible]

[illegible]

انتخابات مقررہ وقت پر ہونگے

سیاسی جماعتوں کے قانون میں ترمیم سے انتخابات کے تحت نتائج برآمد ہوں گے اور پارٹیوں کی تعداد کم ہو جائے گی (ضیاء الحق)

نظم و ضبط برقرار رکھنے اور سیاسی جماعتوں کی بھرمار ختم کرنے کے لیے ترامیم ضروری تھیں

رجسٹریشن سے متعلق الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا جا سکتا ہے

سیاستدان میری ہدایات کا غلط مفہوم لیتے اور منفی رویہ اختیار کرتے ہیں، واہ سے واپسی پر پریس کانفرنس

اسلام آباد ۔۔۔ اے پی پی ۔۔۔ صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا کہ عام انتخابات کے انعقاد کے بارے میں خدشات بے بنیاد ہیں ہم انتخابات کرانے کا مصمم ارادہ رکھتے ہیں ۔۔۔ [illegible]

انتخابات ملتوی؟

اسلام آباد۔ ۲۸ ستمبر۔ باخبر حلقوں کا خیال ہے کہ ۱۷ نومبر کو ہونے والے انتخابات وقت پر نہیں ہو سکیں گے۔

مزید معلومات کے لئے کریسنٹ کا اگلا شمارہ ملاحظہ فرمائیں۔

کے ڈی اے کی نئی اسکیموں کے لئے درخواستیں جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

کراچی ۔۔۔ [illegible] ۔۔۔ کے ساتھ الاٹمنٹ منسوخ کیا جا سکے گا۔

علی گوہر کو این ڈی پی سے نکال دیا گیا

پشاور ۲۸ ستمبر (پی پی آئی) ریٹائرڈ کرنل علی گوہر کو این ڈی پی سے نظم و ضبط کی خلاف ورزی پر نکال دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں این ڈی پی سرحد کی ورکنگ کمیٹی کا آج پشاور میں ایک اجلاس ہوا جس کی صدارت جناب عبدالخالق خان نے کی۔

لاہور ہائیکورٹ کے جج نے
مغربی لباس کی جگہ
قومی لباس اپنا لیا
۱۲۶ سالہ روایت ختم کر دی

لاہور ۔۔۔ پی پی آئی ۔۔۔ ۱۲۶ سالہ عدالتی روایت کی تقریب لاہور ہائی کورٹ کی تاریخ میں اس لحاظ سے یادگار رہے گی کہ اس موقع پر ججوں نے مغربی لباس کو ترک کر کے قومی لباس پہننے کا آغاز کیا ۔۔۔ [illegible]

حکومت اور سیاسی جماعتوں کے درمیان محاذ آرائی نہیں ہونی چاہیے: مزاری

ملک اندرونی و بیرونی حالات کا تقاضا ہے کہ حکومت سیاسی استحکام کیلئے اپنی ذمہ داری محسوس کرے ۔۔۔ [illegible]

قومی اتحاد کا فیصلہ ہمارے موقف کے مطابق ہوا تو کل جماعتی اجلاس میں شریک ہونگے

پیپلز پارٹی کا طرز عمل تبدیل ہوا تو اس سے تعاون کیا جا سکتا ہے، سقوط مشرقی پاکستان میں بھٹو کا ہاتھ تھا

لاہور ۔۔۔ (پی پی آئی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے صدر سردار شیر باز خان مزاری نے کہا ہے ۔۔۔ [illegible]

پاکستان کے زرمبادلہ کی صورتحال
روز بروز ابتر ہو رہی ہے
جون ۷۷ء کے مقابلے میں بہتر ہے

کراچی ۔۔۔ [illegible]

جنرل ضیاء "غیر دیانتدار دلال" کا کردار ادا کرنا چاہتے ہیں: بے نظیر کا الزام

میں انتخابات میں کھڑی ہونا چاہتی ہوں، متناسب نمائندگی کا مقصد سیاسی جماعتوں کو کچلنا ہے

لندن ۔۔۔ (رائٹر) ۔۔۔ پیپلز پارٹی کی مس بے نظیر بھٹو نے ۔۔۔ [illegible]

[illegible]

پنجابی فلم "باغی انسان" کی نمائش پر پابندی

اسلام آباد ۔۔۔ (پی پی آئی) وفاقی حکومت نے پنجابی فلم باغی انسان کی نمائش پر پابندی لگا دی ہے۔

فروزن سبزیاں ۔ مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

الفلاح

ALFLAH GROCER
Tel. 762-1633
2774 Dundas St. West
Toronto, Ont.

قومی اتحاد میں شامل جماعتوں کو انفرادی طور پر رجسٹریشن کی اجازت

مگر قومی اتحاد کی مرکزی کونسل کے اجلاس میں حتمی فیصلہ کر لیا جائے گا

مسلم لیگ اور جماعت اسلامی عام انتخابات میں لازمی طور پر حصہ لینا چاہتی ہیں

[illegible]

رفیق باجوہ نے ۱۱ لاکھ روپے مانگے، وہ بھی خالی ہاتھ نہیں گئے

[illegible]

کراچی کے معمار تاجر کی ۹ سالہ لڑکی

[illegible]

یاسر عرفات ہوانا میں صدر ضیاء الحق سے ان کی قیام گاہ پر ملاقات کر رہے ہیں

صدر ضیاء الحق شام کے صدر حافظ الاسد کے ساتھ بات چیت کر رہے ہیں

اردن کے شاہ حسین صدر ضیاء الحق کا اپنی اقامت گاہ پر استقبال کر رہے ہیں

صدر جنرل محمد ضیاء الحق غیر جانبدار ممالک کی چھٹی سربراہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں بھی سونے کی قیمت میں ریکارڈ اضافہ

[illegible]

شہر	سونا فی تولہ	چاندی
کراچی	۱۲۸۰/-	۲۵ روپے
لاہور	۱۲۵۰/۰۰	۲۲/۵۰
ملتان	۱۲۲۰/۰۰	۲۵/۰۰
فیصل آباد	۱۲۸۰/-	✕
حیدرآباد	۱۲۷۶/۰۰	۹ روپے فی تولہ

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

سہ روزہ کریسنٹ انٹرنیشنل
ٹورانٹو کینیڈا

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان — شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۹ ذوالقعدہ ۱۳۹۹ھ | ۱ر اکتوبر ۱۹۷۹ء | شمارہ : ۱۴

حضرت سید ابوالاعلیٰ مودودی رح

محمد حفظ الکبیر قریشی
(ڈان ملز)

ع
ایک روشن چراغ تھا نہ رہا

مولانا مودودی کی وفات حسرت آیات ملت اسلامیہ کے لیے ایک عظیم سانحہ ہے۔ علم دین کا ایک روشن چراغ گل ہو گیا ہے جس کا ہم پایہ اب کہیں نظر نہیں آتا۔ خوش قسمتی سے مولانا نے اپنے پیچھے علم و فکر کا ایک عظیم سرمایہ چھوڑا ہے جو رہروان علم کے لیے ایک بیش بہا خزانہ سے کم نہیں۔ اگر دنیا اپنی اندرونی حیثیت میں کلی طور سے بدل نہ جائے تو اس سرمایہ سے مستقبل بعید تک فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ مولانا ان لوگوں میں سے ہیں جن کی زندگیاں طبعی عمر ختم ہونے کے بعد بھی مستقل زندہ رہتی ہیں اور آنے والی نسلوں کو فیض پہنچاتی ہیں۔ مولانا کے سلسلہ میں تو یہ بات یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ ان کی دینی بصیرت کی جلا مدتوں قائم رہے گی۔

ہر انداز میں اسلام ہی کے لیے سرگرم جستجو دیکھا گیا یہاں تک کہ ان کی سیاست میں مشمولیت بھی اسلام ہی کی خاطر تھی۔ یہ اور بات ہے کہ اس کے اثرات بیشتر اس انداز میں مرتسم نہیں ہو سکے جو مولانا کا مقصود و العین تھا۔ مولانا کا شمار یقیناً ان اکابر ہستیوں میں کیا جائے گا جنھوں نے علم و عمل سے اپنے دور کے بہترین دماغوں کو متاثر کیا اور ان میں غور و فکر کی بے پناہ صلاحیتیں پیدا کیں۔ یہ مولانا کا عظیم کارنامہ ہے کہ ان کے اردگرد ایک ایسا ذہنی طبقہ پیدا ہو گیا تھا جو اس ترقی یافتہ دنیا کا نمائندہ ہونے کے ساتھ ساتھ ہی مذہب سے بیگانہ بھی نہیں رہا تھا جیسے سرسید احمد خان نے اپنے تعلیمی نظام میں جس بات کو کوئی اہمیت نہیں دی تھی اسے مولانا نے جاری و ساری کیا۔

مولانا کی زندگی کا جائزہ کتنا ہی سرسری کیوں نہ ہو یہ بات اظہر من الشمس ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی کہ مولانا کی زندگی کا مقصد تبلیغ و تفہیم اسلام کے سوا اور کچھ نہیں تھا۔ انھیں بچپن

زندگی نام ہی انقلاب کا ہے۔ ہر لحظہ بدلتی ہوئی دنیا، ہر بدلتے ہوئے ثانیے اور ہر تغیر پذیر حقیقت کے بطن سے علم دین میں ایسے ایسے مسائل پیدا ہوتے ہیں کہ جن کا حل

اگر تلاش بھی کر لیا جائے تو وہ دیرپا ثابت نہیں ہوتا اس لیے کہ پھر اس مسئلہ کی نوعیت کسی اور شکل میں بدل جاتی ہے۔ ان ہی تغیر پذیر مسائل پر مولانا نے اپنی دینی بصیرت کی روشنی میں جو کلیے قائم کیے ہیں اور قرآن و سنت کی روشنی میں جن اصولوں کو منضبط کیا ہے وہ مولانا کی ذہانت اور بصیرت کا بہترین ثبوت ہیں۔ تفہیم القرآن مولانا کی زندگی کا شاہکار ہے۔ اس تفسیر کو پڑھنے کے بعد قاری بے شمار تفاسیر کے تقابلی مطالعہ سے بے نیاز ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی اس میں علم دین کے سمجھنے کی زبردست قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ مولانا کا سہل لیکن عقلی، اصولی اور یقینی انداز نگارش کا جادو قاری کو اپنی گرفت میں کچھ اس طرح لے لیتا ہے کہ ذہن و فکر کی گرہیں خود بخود کھلنے لگتی ہیں اور بات دل میں اترتی چلی آتی ہے۔ ان کا ایک رسالہ جبر و قدر اس طرز نگارش کا بہترین ثبوت ہے جس میں وہ تمام شبہات و شکوک اور خدشات جو اس موضوع کے ضمن میں قاری کے ذہن میں آ سکتے ہیں، مولانا کے یقین پرور لیکن منطقی طرز استدلال کی رو میں صاف ہوتے جاتے ہیں۔ اس اعتبار سے مولانا ایک صاحب طرز ادیب تھے۔

مولانا سب سے پہلا کام جو کرتے وہ ادائیگی نماز کا ہوتا۔ آخری چند دنوں میں مولانا کو کبھی افاقہ ہو جاتا کبھی بے ہوشی طاری ہو جاتی۔ اسی حالت میں جمعہ ۲۱ ستمبر کی شام کو دل کا دورہ پڑ گیا اور مولانا تقریباً بے ہوش ہی رہے۔ جہاں ان کی حالت سنبھلتی مولانا اشاروں سے نماز ادا کرتے رہتے۔ ہوش آنے کی صورت میں وہ پاکستان کے موجودہ حالات پر تشویش کا اظہار اور وہاں واپس جانے کی خواہش کا اظہار کرتے اور مسلسل عالم اسلام کے متعلق پوچھتے رہے۔ آخرکار اسی حالت میں وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

سرزمین ہند و پاک نے بڑی بڑی بزرگ ہستیاں پیدا کی ہیں۔ لیکن مولانا مودودی، مجدد الف ثانی اور شاہ ولی اللہ رح کے سلسلے کی آخری کڑی تھے۔ خدا کرے کہ یہ سلسلہ چلتا رہے اور اسلام اور علم دین کو ایسے لوگ میسر آتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر دور اور ہر زمانہ کے اعتبار سے اپنے دین کی حفاظت کا انتظام کرتا رہتا ہے۔ جو اس دور کا مولانا مودودی صاحب سے مضبوط حصار تھے۔ اقبال کا یہ مصرعہ مولانا پر کتنا صادق آتا ہے کہ

پاسباں مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے



حضرت مولانا کا جسد خاکی ڈاکٹر احمد فاروق مودودی کے گھر میں جہاں مسلمانان شمالی امریکہ کے کونے کونے حاضر ہوتے رہے۔ ۲۳ ستمبر یہاں تین دفعہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔

چند روز پہلے معدے کا اپریشن ہوا تھا

حال ہی میں مولانا اپنے صاحبزادہ کے پاس امریکہ برسلسلہ علاج تشریف لائے تھے اور کئی دنوں سے صاحب فراش تھے۔ ایک تو عمر کا تقاضا اس پر آپریشن کی صعوبت، وہ پچھلے تین چار مہینوں میں بالکل ہی نڈھال ہو کر رہ گئے تھے۔ اس کے باوجود ملنے ملانے والوں کا ایک تانتا سا بندھا رہتا تھا اور مولانا اس ضعف و نقاہت کے باوجود ہر ایک سے خندہ پیشانی سے ملتے رہتے تھے۔ پچھلے رمضان میں مولانا نے ڈاکٹروں کی مخالفت کے باوجود کچھ روزے رکھ لیے جس کے نتیجہ میں السر کی شکایت عود کر آئی۔ چنانچہ مزید آپریشن کرنا پڑا۔ اس ضعف و نقاہت و تکلیف کے باوجود مولانا کے سلسلہ عبادت میں کسی طرح کا خلل پیدا نہیں ہوتا تھا۔ غشی کی کیفیت سے سنبھلنے کے بعد

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent
کریسنٹ انٹرنیشنل

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: [416] 493-4374

Name ....
Address ....
....
Postal Code ....
Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"

ڈاکٹر احمد فاروق مودودی کے گھر بفیلو نیویارک میں تیسری بار نماز جنازہ پڑھائی جا رہی ہے۔ بوقت ۸ بجے شب بتاریخ ۲۱ ستمبر ۸ بجے میت کو فیونرل پہنچا دیا گیا۔ ۲۳ کو نیویارک میں تقریباً ۱۵۰۰ حضرات نے نماز جنازہ ادا کی۔ لاہور ۲۶ ستمبر آخری بار لاکھوں نے نماز جنازہ پڑھی جس میں صدر ضیاء بھی شریک تھے۔ اچھرہ میں دفن ہوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون